NYC HEALTH+ HOSPITALS | Gotham Health

تمام لوگوں کے لیے ویکسین

- فلو کے ٹیکے
- Moderna COVID-19 ویکسین
  - پہلی تے دوسری خوراکیں
  - کمزور مدافعت رکھنے والوں کے لیے اضافی بنیادی سیریز کی خوراکیں
  - بوسٹرز

یہاں پر تمام اہل افراد کے لیے دستیاب ہے

COVID-19 اور فلو کا موسم دونوں ایک ساتھ آرہے ہیں اس میں خود کو اور اپنے پیاروں کو بیمار پڑنے سے بچانا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔

COVID-19 اور فلو کی ویکسینز محفوظ ہیں اور بیماری، ہسپتال جانے اور حتیٰ کہ موت کا خطرہ کم کرنے میں انتہائی اثر ہے۔

آپ COVID-19 اور فلو کی ویکسین شاٹ ایک ہی وقت میں آپ کسی اضافی ادائیگی کے بغیر حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کے لیےکون سی ویکسین بہتر ہے اس کے بارے میں مزید معلوم کریں۔ کیو آر کوڈ سکین کریں یا کال **1-844-NYC-4NYC** (1-844-692-4692).

فلو ویکسینز کے بارے میں مزید جانیں۔

COVID-19 ویکسینز کے بارے میں مزید جانیں۔

فلو اور COVID-19 کی ویکسین کس کو کروانی چاہیئے؟

انفلوئنزا (فلو) ویکسین

ہر سال چھ ماہ یا اس سے بڑی عمر کے تمام افراد کو موسمی انفلوئنزا (فلو) سے بچاؤ کی ویکسین لگوانی چاہیئے، بلخصوص:

- 2 برس سے کم عمر بچے
- 65 سے بڑی عمر کے افراد
- حاملہ یا ایسی خواتین جنہوں نے حال ہی میں بچہ پیدا کیا ہے
- ایسے افراد جن میں طبی عارضے ہیں مثلاً زیابیطس، دمہ، دل کی بیماریاں یا ایچ آئی وی
- انتہائی اہم کام انجام دینے والے افراد، بشمول صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے اور دیکھ بھال فراہم کنندہ اور ایسے افراد جن میں بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ ہے ایسے افراد کو بھی فلو کی ویکسین لگوانی چاہیئے جو بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں، بلخصوص چھ ماہ سے کم عمر بچے۔

COVID-19 ویکسین

نیویارک کے اکثر باشندے اس وقت COVID-19 کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں:

- 5 سے 11 کی عمر کے درمیان بچے Pfier-BioNTech طب اطفال کی دو خوراکیں (ایک تہائی طاقت) لگواسکتے ہیں۔
- 12 برس یا اس سے بڑی عمر کے افراد Pfizer-BioNTech ویکسین کی دوخوراکین لگوا سکتے ہیں۔
- 18 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد Moderna کی دوخوراکیں یا Johnson & Johnson/Janssen کی ایک خوراک لگوا سکتے ہیں۔

Pfizer یا Moderna COVID-19 ویکسین کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراکیں

اضافی بنیادی سیریز کی خوراکیں ان افراد کے لیے دستیاب ہیں جنہوں نے COVID-19 کی اپنی تیسری خوراک کم از کم 28 دن پہلے لگائی ہو اور کسی عارضے یا علاج معالجے کے باعث ان کا مدافعتی نظام کمزور ہو۔ ان میں شامل ہیں:

- سرطان کا ہونے والا علاج معالجہ
- اعضا کی پیوندکاری اور مدافعتی نظام کی طاقت کو کم کرنے لیے ادویات کا استعمال
- گزشتہ 2 روز کے دوران اسٹیم سیل کی پیوندکاری
- معتدل یا شدید قسم کی بنیادی مدافعتی نظام کی کمزوری
- ایسی ایچ آئی وی جو بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے یا جس کا علاج معالجہ نہ ہوا ہو
- کارٹیکوایسٹورائڈ کی بڑی خوراک سے ہونے والا علاج معالجہ یا مدافعتی نظام کو معتدل یا شدید کمزور کرنے والی دیگر ادویات

Pfizer کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراک لگوانے کے لیے آپ کی عمر لازمی طور پر 5 برس یا اس سے بڑی اور Moderna کی اضافی بنیادی سیریز کی خوراک لگوانے کے لیے آپ کی عمر 18 برس یا اس سی بڑی ہونی چاہیئے۔ زیادہ تر ایسے افراد جن کو دیگر طبی عارضے، مثلاً زیابیطس، دل یا پھپھڑوں کی بیماریاں ہیں ان کے لیے اضافی بنیادی سیریز کی خوراکوں کا مشورہ نہیں دیا جاتا۔

COVID-19 کی بوسٹر خوراک۔ Moderna اورPfizer ویکسین لگوانے والے

12 برس یا اس سے بڑی عمر کے ہر فرد کو اپنی Pfizer یا Moderna کی COVID-19 کی ویکسی نیشن سیریز کی بنیادی خوراک لگوانے کے کم از کم 5 ماہ بعد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے۔

ایسے افراد جنھوں نے دونوں ٹھیکے Pfizer یا Moderna کی ویکسین کے لگوائے ہیں، ان کو چاہیئے کہ وہ کوشش کرکے بوسٹر بھی انہی ویکسینز کی لگوائیں، تاہم اگر وہ چاہیں تو امریکہ میں ان کو تینوں میں سے کوئی ایک لگوانے کی اجازت ہے۔

12 سے 17 برس کی عمر کے درمیان ایسے افراد جنہوں نے 5 ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ پہلے اپنی بنیادی سیریز میں Pfizer کے ٹیکے لگوائے تھے وہ اس وقت صرف Pfizer کا ہی بوسٹر ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں۔ کمزور مدافعت رکھنے والے بعض 5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان بچے اپنے دوسرے ٹیکے کے 28 دنوں کے بعد Pfizer ویکسین کی دوسری اضافی خوراک لگوا سکتے ہیں۔

COVID-19 بوسٹر خوراک - Johnson & Johnson ویکسین لگوانے والے

18 برس یا اس سے بڑی عمر کے ہر فرد کو COVID-19 ویکسی نیشن کی ایک بنیادی خوراک لگوانے کے کم از کم دو ماہ بعد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے۔ اکثر صورتوں میں Pfizer یا Moderna (mRNA COVID-19 ویکسیزن) کو ترجیح دی جاتی ہے۔

NYC Health + Hospitals کے نظام میں موجود ہسپتالیں Pfizer اورJ&J ویکسینز پیش کرتی ہیں۔ NYC Health + Hospitals/Gotham Health صرف Moderna ویکسین پیش کرتے ہیں۔ مقامات کی مکمل فہرست کے لیے ہماری ویب سائیٹ وزٹ کریں: **nychealthandhospitals.com**

Published: 1/7/2022
Urdu